# کپ پر تصویر بنانا کیسا جو اسی وقت نظر آئے جب اس میں کوئی گرم چیز ڈالی جائے؟

دار الافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

چائے کے کپ پر اس طرح کی تصویر چھاپنا کیسا جو صرف اس وقت ظاہر ہوتی ہے جب کپ کے اندر کچھ گرم چیز ہو؟

## جواب

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

کپ یا کسی دوسری چیز پر کسی جاندار کی تصویر بنانا، ناجائز و گناہ ہے، جبکہ تصویر میں چہرہ یعنی ناک، کان، منہ وغیرہ واضح طور پر نظر آرہے ہوں۔ خالی کپ میں نظر نہ آئے اور گرم چیز ڈالنے پر نظر آئے تو بھی ایسی تصویر بنانا بھی جائز نہیں۔ البتہ کسی بے جان چیز مثلاً پہاڑ، درخت یا قدرتی مناظر وغیرہ پر مشتمل تصویر بنائی تو حرج نہیں۔

سیدی اعلیٰ حضرت، امام اہلسنت مولانا الشاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فتاویٰ رضویہ میں فرماتے ہیں: "حضور سرورعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ذی روح کی تصویر بنانا، بنوانا، اعزازاً اپنے پاس رکھنا سب حرام فرمایا ہے اور اس پر سخت سخت وعیدیں ارشاد کیں اور ان کے دور کرنے، مٹانے کا حکم دیا؛ احادیث اس بارے میں حدِ تواتر پر ہیں۔" (فتاویٰ رضویہ، جلد 21، صفحہ 426، رضا فاؤنڈیشن لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا عابد عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** Web-2167

**تاریخ اجراء:** 21 شعبان المعظم 1446ھ / 20 فروری 2025ء